

روزنامہ
ورق تازہ
حالاتِ حاضرہ
दैनिक वरक़-ए-ताज़ा
11 May 2026



# ہندوستان کی سیاست میں مسلمان حاشیہ پر: اسباب، نتائج اور لائحۂ عمل

محمد طفیل ندوی
جنرل سکریٹری! امام الہند فاؤنڈیشن ممبئی

ہندوستان ایک عظیم جمہوری اور سیکولر ملک ہے جہاں مختلف مذاہب، تہذیب وثقافت اورزبانوں کے لوگ صدیوں سے باہم رہتے آئے ہیں، مسلمانوں نے بھی اس ملک کی آزادی، تعمیر، تہذیب، معیشت، تعلیم اور ثقافت میں ناقابل فراموش کردار ادا کیا ہے، مگر موجودہ حالات کا جائزہ لیا جائے تو یہ حقیقت سامنے آتی ہے کہ ہندوستان کی سیاست میں مسلمان بڑی حد تک حاشیہ پر پہنچ چکے ہیں، ایوانوں میں ان کی نمائندگی کم ہوتی جارہی ہے، پالیسی سازی میں ان کی آواز کمزور پڑتی جارہی ہے اور سیاسی منظرنامہ میں ان کا اثر محدود ہوتا دکھائی دیتا ہے، یہ صورت حال اچانک پیدا نہیں ہوئی بلکہ اس کے پیچھے کئی داخلی اور خارجی اسباب کارفرما ہیں، سب سے پہلی اور بنیادی وجہ تعلیمی پسماندگی ہے، دنیا کی ہر قوم کی ترقی کا راز تعلیم میں پوشیدہ ہوتا ہے، مگر مسلمانوں کی ایک بڑی تعداد آج بھی معیاری عصری تعلیم سے محروم ہے، جب کوئی قوم تعلیم میں پیچھے رہ جائے تو وہ سیاست، معیشت، میڈیا، عدلیہ اور انتظامیہ ہر میدان میں کمزور ہوجاتی ہے، مسلمانوں نے دینی علوم کی حفاظت میں قابل قدر خدمات انجام دیں، مگر عصری تعلیم، ٹیکنالوجی، قانون، صحافت اور سیاسیات کے میدان میں مطلوبہ توجہ نہ دی جاسکی، جس کے نتیجے میں قیادت کا خلا پیدا ہوگیا قوم کے نوجوان اعلی عہدوں اور فیصلہ ساز اداروں تک کم پہنچ پائے اور یوں سیاسی قوت بھی کمزور ہوتی چلی گئی، ایک اہم سبب قیادت کا فقدان بھی ہے، قوم کو ایسی متحد، مخلص اور دوراندیش قیادت کم نصیب ہوئی جو اجتماعی مفاد کو ذاتی مفاد پر ترجیح دیتی، سیاسی اختلافات، جماعتی کشمکش، مسلکی تقسیم اور باہمی انتشار نے مسلمانوں کی اجتماعی طاقت کو نقصان پہنچایا جب قوم مختلف خانوں میں بٹ جائے تو اس کی سیاسی قوت بھی منتشر ہوجاتی ہے، یہی وجہ ہے کہ مسلمان متحد سیاسی طاقت کے بجائے منتشر ووٹ بن کر رہ گئے اس کیساتھ ساتھ مسلمانوں کو اکثر صرف ووٹ بینک کے طور پر استعمال کیا گیا انتخابات کے وقت خوشنما وعدے کئے گئے مگر عملی میدان میں تعلیم، روزگار، ترقی اور نمائندگی کے مسائل جوں کے توں باقی رہے، جذباتی نعروں اور وقتی نعروں کے سہارے قوم کو مطمئن کیا جاتا رہا جبکہ حقیقی ترقی اور سیاسی تربیت پر خاطر خواہ توجہ نہ دی گئی، افسوس یہ بھی ہے کہ مسلمان خود بھی اکثر وقتی جذبات کی بنیاد پر فیصلے کرتے رہے اور طویل مدتی سیاسی حکمت عملی اختیار نہ کرسکے، میڈیا کے میدان میں کمزور موجودگی بھی ایک بڑی وجہ بنی، آج کا زمانہ بیانیہ کا زمانہ ہے، جو قوم اپنا مؤقف مضبوط انداز میں پیش نہیں کرتی، اس کی آواز دب جاتی ہے، مسلمانوں کی مثبت خدمات، تعلیمی کارنامے، سماجی کردار اور قومی خدمات میڈیا میں اس انداز سے سامنے نہیں آسکیں جس انداز سے آنی چاہیے تھیں، اس کے برعکس منفی تصویر کشی نے بھی سیاسی فاصلوں کو بڑھایا معاشی کمزوری نے بھی مسلمانوں کو سیاسی اعتبار سے پیچھے دھکیل دیا جو قوم معاشی طور پر کمزور ہو، اس کی سیاسی طاقت بھی محدود ہوجاتی ہے، مسلمانوں کی ایک بڑی تعداد غربت، بے روزگاری اور تعلیمی پسماندگی کا شکار رہی، جس کے نتیجے میں ان کی اجتماعی قوت متاثر ہوئی، سیاست میں مؤثر کردار ادا کرنے کیلئے معاشی استحکام بھی ضروری ہوتا ہے کیونکہ کمزور معاشی طبقہ اکثر دوسروں کا محتاج بن جاتا ہے لیکن ان تمام حالات کے باوجود مایوسی حل نہیں ہے، ضرورت اس بات کی ہے کہ مسلمان شکایت کے بجائے تیاری کا راستہ اختیار کریں، سب سے پہلے تعلیم کو اپنا سب سے بڑا ہتھیار بنانا ہوگا دینی تعلیم کیساتھ عصری علوم، سائنس، ٹیکنالوجی، قانون، صحافت، سول سروس اور سیاسیات کے میدان میں نوجوانوں کو آگے بڑھانا ہوگا اسکول، کالج، کوچنگ سینٹر اور تربیتی اداروں کے قیام پر خصوصی توجہ دینی ہوگی تاکہ ایک باصلاحیت نسل تیار ہوسکے، سیاسی شعور کو بیدار کرنا بھی وقت کی اہم ضرورت ہے، ووٹ کو محض جذباتی عمل کے بجائے ایک ذمہ داری سمجھنا ہوگا ایسے نمائندوں کو آگے لانا ہوگا جو قوم اور ملک دونوں کے مفاد میں کام کریں، مسلمانوں کو جمہوری نظام، آئینی حقوق اور سیاسی حکمت عملی کو سمجھنا ہوگا تاکہ وہ بہتر انداز میں اپنا کردار ادا کرسکیں، اتحاد ویکجہتی بھی کامیابی کی بنیادی شرط ہے، مسلک، زبان، علاقہ اور جماعت سے اوپر اٹھ کر اجتماعی مفاد کیلئے سوچنا ہوگا اختلافات کے باوجود اتحاد کا راستہ اپنانا ہوگا کیونکہ منتشر قوم کبھی مضبوط سیاسی طاقت نہیں بن سکتی، نوجوانوں کو قیادت کیلئے تیار کرنا ہوگا انہیں اعتماد دینا ہوگا اور سیاسی، سماجی اور فکری میدان میں آگے لانا ہوگا میڈیا اور سوشل میڈیا کے میدان میں بھی مضبوط موجودگی ناگزیر ہے، تعلیم یافتہ نوجوانوں کو صحافت، ڈیجیٹل میڈیا اور ابلاغ کے میدان میں آگے آنا چاہیے تاکہ قوم کا مثبت چہرہ دنیا کے سامنے آسکے اور غلط فہمیوں کا ازالہ ہوسکے، ہندوستان کا آئین ہر شہری کو مساوی حقوق دیتا ہے، اسلئے مسلمانوں کو آئینی اور جمہوری دائرے میں رہتے ہوئے حکمت، صبر اور دانشمندی کیساتھ اپنے حقوق کیلئے جدوجہد کرنی چاہیے، نفرت یا مایوسی کے بجائے مثبت کردار، تعلیم، اتحاد اور منصوبہ بندی ہی وہ راستہ ہے جو قوم کو دوبارہ عزت، وقار اور سیاسی قوت عطا کرسکتا ہے، آج ضرورت اس بات کی ہے کہ مسلمان صرف حالات کا رونا رونے والی قوم نہ بنیں بلکہ حالات بدلنے والی قوم بنیں، صرف جذبات کافی نہیں، شعور بھی ضروری ہے، صرف نعرے کافی نہیں، منصوبہ بندی بھی ضروری ہے، اور صرف ووٹ دینا کافی نہیں، قیادت پیدا کرنا بھی ضروری ہے، جب قوم علم، اتحاد، کردار اور سیاسی بصیرت کیساتھ آگے بڑھے گی تو یقینا حالات بدلیں گے اور مسلمان دوبارہ ملک کی ترقی اور سیاست میں باوقار اور مؤثر کردار ادا کرسکیں گے۔

☆☆☆☆☆

# بنگال کے چیف منسٹر سویندر ادھیکاری نئے سیاسی معمار!

(حافظ) افتخار احمد قادری
کریم گنج، پورن پور، پیلی بھیت، یو۔ پی



مغربی بنگال کی سیاست نے ایک ایسا تاریخی موڑ اختیار کرلیا ہے جسے صرف ایک انتخابی تبدیلی نہیں بلکہ ایک مکمل سیاسی انقلاب قرار دیا جاسکتا ہے۔ کئی دہائیوں تک بایاں محاذ، پھر ترنمول کانگریس اور ممتا بنرجی کے گرد گھومنے والی بنگال کی سیاست اب ایک نئے دور میں داخل ہوتی دکھائی دے رہی ہے۔ ریاستی سیاست کے افق پر اب بھارتیہ جنتا پارٹی ایک غالب طاقت کے طور پر ابھری ہے اور سویندو ادھیکاری کا ریاست کے اگلے وزیر اعلیٰ کے طور پر سامنے آنا نہ صرف بی جے پی کے لیے ایک غیر معمولی کامیابی ہے بلکہ بنگال کی سیاسی نفسیات میں ایک بڑی تبدیلی کی علامت بھی ہے۔ بسوا بنگلہ کنونشن سنٹر میں منعقد ہونے والا بی جے پی مقننہ پارٹی کا اجلاس ایک رسمی کارروائی نہیں تھا بلکہ یہ اس طویل سیاسی جدو جہد کا نقطۂ عروج تھا جو بی جے پی نے برسوں کی محنت، تنظیمی استحکام اور جارحانہ سیاسی حکمت عملی کے ذریعے حاصل کیا۔ مرکزی مبصر امت شاہ اور شریک مبصر موہن چرن ماجھی کی موجودگی اس بات کا اشارہ تھی کہ پارٹی اس تبدیلی کو صرف ایک ریاستی کامیابی نہیں بلکہ قومی سیاست کے تناظر میں ایک بڑی پیش رفت سمجھ رہی ہے۔ سویندو ادھیکاری کا انتخاب کسی اتفاق کا نتیجہ نہیں۔ وہ گزشتہ کئی برسوں سے بنگال کی سیاست میں ایک مضبوط اور جارحانہ چہرے کے طور پر ابھرے ہیں۔ ترنمول کانگریس سے اپنی علیحدگی کے بعد انہوں نے بی جے پی کے لیے وہ سیاسی خلا پُر کیا جو بنگال میں پارٹی کو درپیش تھا۔ ان کی سب سے بڑی طاقت یہ رہی کہ وہ بنگال کی زمینی سیاست، مقامی سماجی ڈھانچے، دیہی نفسیات اور انتخابی حرکیات کو بخوبی سمجھتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ بی جے پی نے انہیں صرف ایک لیڈر کے طور پر نہیں بلکہ بنگال میں پارٹی کے چہرے کے طور پر پیش کیا۔ بنگال کی سیاست میں یہ تبدیلی اس لیے بھی غیر معمولی ہے کہ ایک زمانے تک یہ تصور کیا جاتا تھا کہ بی جے پی کبھی بھی اس ریاست میں اقتدار حاصل نہیں کرسکتی۔ بنگال کو سیکولر سیاست، بائیں بازو کی فکری روایت اور بنگالی قوم پرستی کا مرکز سمجھا جاتا تھا۔ مگر وقت کے ساتھ سیاسی حالات تبدیل ہوئے، عوامی ترجیحات بدلیں اور ممتا بنرجی کی حکومت کے خلاف پیدا ہونے والی ناراضی نے ایک نئے سیاسی متبادل کے لیے راستہ ہموار کیا۔ ممتا بنرجی کی حکومت اگرچہ ابتدا میں عوامی امیدوں کا مرکز بنی تھی مگر وقت گزرنے کے ساتھ ان پر اقربا پروری، بدعنوانی، سیاسی تشدد، ادارہ جاتی کمزوری اور انتظامی ناکامیوں کے الزامات بڑھتے گئے۔ ریاست میں روزگار کا بحران، صنعتوں کی عدم موجودگی، سیاسی کارکنوں پر حملے، بدعنوانی کے اسکینڈلز اور پارٹی کے اندر بڑھتی ہوئی مرکزیت نے عوام کے ایک بڑے طبقے کو مایوس کیا۔ بی جے پی نے انہی کمزوریوں کو اپنی طاقت میں تبدیل کیا۔ خاص طور پر نوجوان طبقے میں بی جے پی نے قوم پرستی، ترقی، مضبوط قیادت اور مرکزی حکومت سے بہتر تال میل جیسے نعروں کے ذریعے اپنی جگہ بنائی۔ دوسری جانب ہندو ووٹروں کے ایک بڑے طبقے میں مذہبی شناخت اور سیاسی تحفظ کے احساس کو بھی بی جے پی نے بڑی مہارت سے استعمال کیا۔ یہی وجہ ہے کہ وہ بنگال جیسے حساس اور پیچیدہ سیاسی مزاج رکھنے والی ریاست میں بھی عوامی حمایت حاصل کرنے میں کامیاب ہوگئی۔

سویندو ادھیکاری کی شخصیت بھی اس پورے منظرنامے میں غیر معمولی اہمیت رکھتی ہے۔ وہ صرف ایک سیاست دان نہیں بلکہ بنگال کی انتخابی سیاست کے نہایت تجربہ کار کھلاڑی سمجھے جاتے ہیں۔ نندی گرام تحریک سے لے کر ممتا بنرجی کو سخت ترین سیاسی چیلنج دینے تک ان کا کردار ہمیشہ نمایاں رہا ہے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ وہ کبھی ممتا بنرجی کے قریبی ساتھی ہوا کرتے تھے مگر آج وہی شخصیت ان کی سیاسی طاقت کے زوال کی علامت بن چکی ہے۔ یہ صورتحال دراصل بنگال کی سیاست میں وفاداریوں کی تبدیلی، نظریاتی کمزوری اور اقتدار کی نئی کشش کی عکاس ہے۔ بی جے پی نے نہ صرف تنظیمی سطح پر محنت کی بلکہ اس نے ترنمول کانگریس کے اندر موجود ناراض عناصر کو بھی اپنے ساتھ ملانے میں کامیابی حاصل کی۔ سویندو ادھیکاری اسی حکمت عملی کا سب سے طاقتور استعارہ ہیں۔ اگر واقعی وہ وزیر اعلیٰ بنتے ہیں تو ان کے سامنے سب سے بڑا چیلنج ریاست میں سیاسی استحکام قائم کرنا ہوگا۔ بنگال کی سیاست ہمیشہ شدید محاذ آرائی، سڑکوں کی سیاست، نظریاتی تقسیم اور طاقت کے کھلے استعمال کے لیے جانی جاتی رہی ہے۔ بی جے پی کو اقتدار ملنے کے بعد سب سے پہلے یہ ثابت کرنا ہوگا کہ وہ محض احتجاجی سیاست کرنے والی جماعت نہیں بلکہ ایک مؤثر حکمران جماعت بھی بن سکتی ہے۔ ریاست کی معاشی صورتحال بھی فوری توجہ کی متقاضی ہے۔ صنعتی سرمایہ کاری کا فقدان، بے روزگاری، تعلیمی مسائل، کسانوں کی پریشانیاں اور شہری بنیادی ڈھانچے کی کمزوریاں نئی حکومت کے لیے ایک بڑا امتحان ہوں گی۔ اگر بی جے پی ان مسائل کے حل میں کامیاب ہوتی ہے تو وہ بنگال میں اپنی سیاسی جڑیں مضبوط کرسکتی ہے، ورنہ یہ کامیابی وقتی بھی ثابت ہوسکتی ہے۔ سیاسی مبصرین کے مطابق مغربی بنگال میں بی جے پی کی حکومت کا قیام قومی سیاست پر بھی گہرے اثرات مرتب کرے گا۔ یہ کامیابی مشرقی ہندوستان میں بی جے پی کی پوزیشن کو مزید مضبوط کرے گی اور 2029 کے پارلیمانی انتخابات کے تناظر میں بھی اسے ایک بڑی کامیابی کے طور پر دیکھا جائے گا۔ بنگال ہمیشہ سے قومی سیاست میں علامتی اہمیت رکھتا ہے اور یہاں اقتدار حاصل کرنا بی جے پی کے لیے محض ایک ریاستی فتح نہیں بلکہ ایک نظریاتی کامیابی بھی تصور کیا جا رہا ہے۔ تاہم اس پورے منظرنامے کا ایک دوسرا پہلو بھی ہے۔ بنگال کی تہذیبی شناخت، لسانی حساسیت اور ثقافتی مزاج ہمیشہ ایک مخصوص سیاسی روایت سے جڑے رہے ہیں۔ ایسے میں بی جے پی کے لیے یہ ضروری ہوگا کہ وہ صرف طاقت کے بل پر نہیں بلکہ عوامی اعتماد، ثقافتی ہم آہنگی اور انتظامی انصاف کے ذریعے اپنی حکومت کو مستحکم کرے۔ اگر ریاست میں مذہبی کشیدگی، سیاسی انتقام یا طاقت کے بے جا استعمال کا ماحول پیدا ہوا تو اس کے نتائج نہایت خطرناک ہوسکتے ہیں۔ سویندو ادھیکاری کی قیادت اب ایک نئے امتحان سے گزرنے جارہی ہے۔ اپوزیشن میں رہ کر حکومت پر تنقید کرنا نسبتاً آسان ہوتا ہے مگر اقتدار میں آکر عوامی توقعات پر پورا اترنا سب سے مشکل مرحلہ ہوتا ہے۔ بنگال کے عوام اب نعروں سے زیادہ عملی نتائج چاہتے ہیں۔ وہ ترقی، امن، روزگار اور سیاسی استحکام کے خواہاں ہیں۔ اگر نئی حکومت ان امیدوں کو پورا کرنے میں کامیاب رہتی ہے تو بنگال کی سیاست میں ایک نئے عہد کا آغاز ہوگا لیکن اگر وہ بھی ماضی کی حکومتوں کی طرح اقتدار کے نشے میں عوامی مسائل کو فراموش کر بیٹھتی ہے تو سیاسی تاریخ ایک بار پھر خود کو دہرا سکتی ہے۔ بہرحال اس وقت مغربی بنگال کی سیاست ایک غیر معمولی تبدیلی کے دہانے پر کھڑی ہے۔ سویندو ادھیکاری کا ابھرتا ہوا سیاسی کردار، بی جے پی کی تاریخی کامیابی، ممتا بنرجی کی کمزور ہوتی گرفت اور عوامی ذہن میں پیدا ہونے والی نئی سیاسی سوچ اس بات کا اعلان کر رہی ہے کہ بنگال اب ماضی کے سیاسی سانچوں میں قید رہنے والا نہیں۔ آنے والے دن نہ صرف ریاست بلکہ پورے ملک کی سیاست کے لیے نہایت اہم ثابت ہونے والے ہیں۔

# نقباء، امارت شرعیہ کے چہرے اور اس کے ترجمان ہیں: حضرت امیر شریعت

## شہر بھبھوا ضلع کیمور میں منعقد اجلاس نقباء ونائبین سے حضرت امیر شریعت و دیگر علمائے کرام کا خطاب



(پریس ریلیز نمائندہ کیمور) امارت شرعیہ ملک کا نہایت ہی باوقار اور منفرد شرعی نظام ہے، آپ سب کے لئے یہ بات باعث شرف اور لائق شکر ہے کہ اللہ نے آپ کو بحیثیت نقیب اور نائب نقیب اس عظیم شرعی نظام سے وابستگی اور اس کے سایہ میں ملی خدمت کا بہترین موقع فراہم کیا ہے، آپ اپنی آبادی میں امارت شرعیہ کا چہرہ اور اس کے ترجمان ہیں، آپ کی ایمانی ذمہ داری ہے کہ اس منصب کی دل سے قدر کریں اور جو ذمہ داریاں آپ کے سپرد کی گئی ہیں پوری محنت ولگن کے ساتھ اس کو پورا کرنے کی سعی کریں، آپ اپنی ذمہ داریوں کے تئیں جس قدر فکرمند ہوں گے اور امارت شرعیہ کے پیغام اور اس کی آواز کو جتنی قوت کے ساتھ اپنے حلقہ اور اپنی آبادیوں میں عام کریں گے امارت شرعیہ کا تنظیمی ڈھانچہ اسی قدر مضبوط اور مستحکم ہوگا، اسی طرح آپ خود اپنے کردار وعمل کو جتنا شریعت کا پابند بنائیں گے اس کے اثرات دوسروں پر مرتب ہوں گے، آپ ہمیشہ یہ سوچ کر قدم اٹھائیں کہ آپ اپنے آبادی میں امارت شرعیہ کے نمائندہ اور ترجمان ہیں، ان خیالات کا اظہار امیر شریعت مفکر ملت حضرت مولانا احمد ولی فیصل رحمانی مدظلہ نے آج مورخہ ۹ رمئی کو مدرسہ اسلامیہ قاسم العلوم ببورا، بھبھوا ضلع کیمور کی وسیع جامع مسجد میں منعقد ضلع کیمور کے نقباء ونائبین نقباء امارت شرعیہ کے خصوصی تربیتی اجلاس کو خطاب کرتے ہوئے اپنے صدارتی بیان میں کیا، ہمارے لئے ضروری ہے کہ ہم وقت اور حالات کے اعتبار سے اپنے کو بیدار رکھیں، خیر امت ایک ذمہ دار فرد کی حیثیت سے آپسی اتحاد کے قیام تعلیم کے فروغ، انصاف کو عام کرنے اور انسانی خدمت کے عمل میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کو اپنا ترجیحی عمل بنائیں۔ آپ نے فرمایا کہ ہمیں یہ سارے کام محض رضائے الٰہی کے لئے کرنا چاہئے، جس عمل میں رضائے الٰہی پیش نظر ہوگی یقینا وہ عمل مقبول بھی ہوگا اور مؤثر بھی۔ اس تربیتی اجلاس میں حضرت امیر شریعت مدظلہ نے تربیتی نقطہ نظر سے مزید کئی اہم پہلوؤں پر گفتگو فرمائی اور حاضرین کو ضروری امور سے واقف کرایا، اس اجلاس کو خطاب کرتے ہوئے امارت شرعیہ کے ناظم وصدر مفتی جناب مولانا مفتی محمد سعید الرحمن قاسمی صاحب نے نظام امارت کی عظمت، اسلامی نظام میں اطاعت امیر کے وجوب اور امارت شرعیہ کی ہمہ جہت خدمات پر جامع گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ امارت شرعیہ کا نظام نبوی نظام خلافت وامارت کا عکس جمیل ہے، مسلمان جہاں کہیں بھی رہیں اگر دینی سربراہی سے محروم ہیں تو ان کی ذمہ داری ہے کہ اپنے میں سے کسی دینی شخصیت کو امیر منتخب کرکے نظام امارت قائم کرے اور اپنے امیر شرعی کی ماتحتی میں شرعی واجتماعی زندگی گذارے، اس ملک میں ترکی خلافت کے خاتمہ اور انگریزوں کے غلبہ کے بعد مسلمان کچھ اسی طرح کے حالات سے دوچار ہوئے، چنانچہ وقت کے بابصیرت علمائے کرام نے اس شرعی حکم کو سامنے رکھتے ہوئے امارت کا قیام عمل میں لایا جس کی برکت سے ہمیں قرآن پاک کی اس آیت پر عمل کی سعادت حاصل ہوئی جس میں اللہ اور رسول کی اطاعت کے ساتھ منتخب کئے گئے امیر شرعی کی اطاعت کا حکم دیا گیا، ہمیں یاد رکھنا چاہئے کہ امارت شرعیہ محض ایک تنظیم اور ادارہ نہیں بلکہ ایک ایسی فکر اور ایک ایسے شرعی نظام کا نام ہے جس کا وجود اور تحفظ اس ملک میں مسلمانوں کے لئے ایک دینی فریضہ کی حیثیت رکھتا ہے، اللہ کا شکر ہے کہ امارت شرعیہ جن بنیادوں پر قائم ہوئی اور جن مقاصد کو ان کے اکابر نے ہمیشہ سامنے رکھا آج بھی امارت شرعیہ اپنے موجودہ امیر کی سرپرستی میں ان مقاصد کو ترجیحی حیثیت دیتے ہوئے ترقی کی راہ پر رواں دواں ہے، آپ نقباء ونائبین نقباء اس نظام امارت کے اہم دست وبازو ہیں، آپ جس قدر مقاصد امارت کو روبعمل لانے اور اپنی ذمہ داریوں کو عملی جامہ پہنانے کے لئے مستعد رہیں گے انشاء اللہ امارت شرعیہ اسی قوت اور تیز گامی کے ساتھ ترقی کی راہ پر رواں دواں رہے گی۔ امارت شرعیہ کے صدر قاضی جناب مولانا مفتی محمد انظار عالم قاسمی صاحب نے اپنی گفتگو میں نظام قضاء ضرورت اور اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ امارت شرعیہ کا نظام قضاء ملک اور ملت دونوں کے لئے باعث رحمت ہے، اس نظام نے نہ صرف انصاف کی راہ کو آسان بنایا بلکہ اس کے ذریعہ ایمان، عزت وآبرو اور مال وزر کی حفاظت بھی ہوتی ہے اور کئی قسم کے گناہوں سے بچنا نصیب ہوتا ہے، انہوں نے کہا کہ دارالقضاء میں معاملات کو پیش کرنا محض کوئی استحبابی یا اختیاری عمل نہیں بلکہ ایک وجوبی عمل ہے جس سے گریز سراسر گناہ اور تباہی ہے، اسی طرح دارالقضاء کے زیر اثر صرف طلاق ونکاح اور خلع جیسے معاملات لائے جاتے ہیں جب کہ ہمیں تمام سول معاملات دارالقضاء میں پیش کرنے چاہئیں اور کم خرچ اور کم وقت میں انصاف حاصل کرنا چاہئے، انہوں نے نقباء حضرات سے توقع ظاہر کی کہ وہ سماج میں پیدا ہونے والے اختلاف اور جھگڑوں کے تصفیہ کے لئے اپنے اپنے حلقہ کے عوام وخواص کو دارالقضاء کی طرف رجوع کرنے کی ترغیب دیں گے۔ امارت شرعیہ کے نائب ناظم اور شعبہ تنظیم کے انچارج جناب مولانا مفتی محمد سہراب ندوی صاحب نے نقباء ونائبین کو تنظیم کی اہمیت، اس کے استحکام کی ضرورت، نقباء کے منصب ومقام کی عظمت پر مؤثر انداز میں روشنی ڈالنے کے ساتھ حضرات نقباء ونائبین کو ان کی ذمہ داریاں بتائیں، انہوں نے کہا کہ آج کا یہ اجتماع اس سلسلہ کی ایک اہم کڑی ہے جو مفکر اسلام حضرت مولانا محمد ولی رحمانی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے عہد امارت میں شروع فرمایا تھا، کہ ہر ضلع کے آبادی کو تنظیمی سلسلہ سے جوڑ کر ضلع سطح پر نقباء ونائبین نقباء کا خصوصی تربیتی اجلاس منعقد کیا جائے تاکہ ضلع کی ہر آبادی تنظیمی ڈھانچہ سے مربوط ہو اور ہر آبادی میں نقیب اور نائب نقیب کی حیثیت سے امارت شرعیہ کے نمائندہ موجود رہیں، چنانچہ اسی سلسلہ کو جاری رکھتے ہوئے موجودہ امیر شریعت مدظلہ کی ہدایت کے مطابق گذشتہ چند سالوں میں ضلع ارریہ، پورنیہ، کشن گنج، کٹیہار، شیوہر، سیوان اور گوپال گنج میں ضلع سطح کے اجتماعات نقباء منعقد کئے گئے اور امسال ضلع کیمور کا یہ اجلاس آج ۹ رمئی کو شہر بھبھوا میں ۱۰ رمئی کو ضلع رہتاس کے شہر ڈہری اون سون میں منعقد ہو رہا ہے، تقریباً تین سو سے زائد آبادیوں میں قدیم تنظیم کے احیاء اور جدید تنظیم کے قیام کا عمل پورا کیا گیا ہے، جس کے نمائندہ یعنی نقباء ونائبین نقباء اس وقت یہاں موجود ہیں، انہوں نے امید ظاہر کی کہ جو ذمہ داریاں حضرت امیر شریعت مدظلہ کی طرف سے آپ کو سپرد کی جارہی ہے اس کو ضرور عمل میں لائیں گے اور اپنی اپنی آبادیوں میں اس تنظیمی کڑی کو مستحکم رکھیں گے، مفتی صاحب مزید کہا کہ انشاء اللہ جلد ہی پنچایت، بلاک اور ضلع سطح کی کمیٹیاں تشکیل دی جائیں گی اور پورے ضلع میں تنظیمی نظام کو مضبوط بنایا جائے گا۔ امارت شرعیہ کے معاون ناظم جناب مولانا قمر انیس قاسمی صاحب نے امارت شرعیہ کے خدمات اور اس کے پھیلے ہوئے شعبہ جات کا تعارف کراتے ہوئے کہا کہ یہ دینی نظام پوری ملت کے لئے ایک عظیم مذہبی نعمت ہے جس کی قدر دانی ہر مسلمان پر لازم ہے، انہوں نے امارت شرعیہ کی طرف سے جاری سرگرمیوں اور آئندہ کے عزائم پر بھی روشنی ڈالی۔ دوسرے معاون ناظم جناب مولانا احمد حسین قاسمی مدنی صاحب نے نظام امارت کی شرعی وتاریخی حیثیت پر گفتگو کی اور کہا کہ نظام امارت عہد رسالت میں قائم اس شرعی نظام کا نمونہ ہے جس کا سلسلہ ملت کی طویل تاریخ میں کسی نہ کسی شکل میں جاری رہا ہے، ضرورت ہے کہ ہم سب اس نظام سے وابستگی کو اپنی سعادت سمجھیں اور اپنے امیر شریعت کی ماتحتی میں زندگی کے اجتماعی نظام کو مستحکم بنائیں۔ اس اجلاس میں نقباء حضرات کے لئے وقفہ سوال وجواب بھی رکھا گیا اور حاضرین کو اظہار خیال کا موقع بھی دیا گیا، اپنے اظہار خیال میں حاضرین نے اس اجتماع کو ضلع کیمور کے لئے دینی بیداری کا پیش خیمہ بتایا اور حضرت امیر شریعت سے گذارش کی کہ تنظیمی سلسلہ کے تمام مرحلہ کو پورا کرایا جائے اور ایک ایک آبادی میں دینی بیداری کی تحریک کو عام کیا جائے۔ اجلاس کا آغاز جناب مولانا عبدالماجد رحمانی مبلغ امارت شرعیہ کی تلاوت کلام پاک سے ہوا اور عزیزم عاقب بن علی حسن نے بارگاہ رسالت صلی اللہ علیہ وسلم میں نعت پاک پیش کئے، آج کی اس اجلاس میں جناب حافظ احتشام صاحب رکن شوریٰ امارت شرعیہ، مولانا منظر قاسمی صاحب، مولانا منہاج عالم ندوی صاحب اور مولانا شاہ نواز عالم مظاہری صاحب بھی موجود رہے جب کہ اس اجلاس کی تیاری اور اس کے نظم ونسق کو سنبھالنے میں مولانا اسعد اللہ نیموی، مولانا سرفراز مظاہری، مولانا عبدالواحد رحمانی، حافظ عمیر احمد صاحب، مولانا صلاح الدین قاسمی، مولانا شاہد رحمانی، مولانا حشرالدین صاحب اور مولانا عبدالماجد رحمانی مبلغین امارت شرعیہ جناب مولانا قمر انیس قاسمی معاون ناظم امارت شرعیہ کی سرکردگی میں مسلسل مصروف عمل رہے، اسی طرح استقبالیہ کمیٹی کے احباب جناب اشتیاق خان صاحب، جناب اسلم خان صاحب، جناب نوشاد گدی صاحب، جناب عارف انصاری صاحب، جناب شمیم صاحب، جناب معشوق صاحب، جناب ذوالقرنین صاحب، جناب ساجد صاحب، جناب مولانا آفتاب عالم قاسمی صاحب، حافظ اکبر علی صاحب، حافظ علی حسن صاحب حافظ امام الدین صاحب، حافظ اعجاز اور مدرسہ اسلامیہ قاسم العلوم کے اساتذہ وطلباء بالخصوص اس کے ناظم جناب قاری ارشاد صاحب نے اجلاس کو کامیابی سے ہمکنار کرنے میں کلیدی رول نبھایا۔

☆☆☆☆☆

# امریکہ، اسرائیل کی ایران کے خلاف جنگ: ایک تنازع اور کامیابی کے دو متضاد دعوے

عامر عظمی

امریکہ اور اسرائیل کی ایران کے ساتھ جنگ کا موجودہ مرحلہ شاید ختم ہو چکا ہے، کم از کم واشنگٹن سے تو یہی پیغام دیا جا رہا ہے۔ منگل، 5 مئی کو کئی ہفتوں کے سیز فائر کے بعد امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے کہا کہ 'آپریشن ایپک فیوری' مؤثر طور پر ختم ہو چکا ہے، اگرچہ یہ اعلان ایک بہت وسیع تقریر کے اندر تقریباً دب سا گیا۔ تو اہم سوال یہ ہے: جیتا کون؟ اس کا جواب اس بات پر منحصر ہے کہ کہانی کون سنا رہا ہے۔ ایران میں سرکاری میڈیا اس جنگ کو اس بات کے ثبوت کے طور پر پیش کرتا ہے کہ ملک نے دنیا کے سب سے طاقتور فوجی اتحاد کے سامنے ڈٹ کر مقابلہ کیا اور انھیں شکست دی۔ واشنگٹن میں صدر ڈونلڈ ٹرمپ اور ان کی انتظامیہ بھی کامیابی کا دعویٰ کرتے ہیں اور بار بار کہتے ہیں کہ انھوں نے اپنے مقاصد حاصل کر لیے۔ لیکن عوامی بیانات کے پیچھے اب مذاکرات خود لڑائی سے زیادہ اہم ہوتے جا رہے ہیں تاکہ یہ طے ہو سکے کہ اصل کامیابی کہاں ہے۔ ایکسیوس، روئٹرز اور دیگر امریکی میڈیا اداروں کی رپورٹس کے مطابق وائٹ ہاؤس کا ماننا ہے کہ وہ ایران کے ساتھ 14 نکاتی مفاہمتی یادداشت پر اتفاق کے قریب ہے۔ یہ دستاویز ایران کے جوہری پروگرام، آبنائے ہرمز اور علاقائی کشیدگی سے متعلق وسیع تر مذاکرات کے لیے ایک فریم ورک تیار کرے گی۔ ایران کی وزارت خارجہ کے ایک ترجمان نے کہا ہے کہ ملک اس تجویز کا جائزہ لے رہا ہے اور پاکستانی ثالثوں کے ذریعے اپنا جواب دے گا۔ مگر کچھ سینئر ایرانی سیاستدان پہلے ہی اسے عوامی طور پر مسترد کر چکے ہیں۔ ایرانی پارلیمنٹ کی قومی سلامتی اور خارجہ پالیسی کمیشن کے ایک ترجمان نے ایکس پر لکھا کہ 'امریکی اس جنگ سے کچھ حاصل نہیں کرسکیں گے، جسے وہ ہار رہے ہیں' اور انھوں نے ان تجاویز کو 'امریکی خواہشات کی فہرست' قرار دیتے ہوئے مسترد کر دیا۔ اب تک شائع ہونے والی تفصیلات کے مطابق ایران کو اپنے جوہری سرگرمیوں کے بڑے حصے کو 20 سال کے لیے معطل کرنا ہوگا، اپنے اعلیٰ درجے کے افزودہ یورینیم کے ذخیرے حوالے کرنے ہوں گے اور وسیع بین الاقوامی معائنوں کی اجازت دینی ہوگی۔ رپورٹس یہ بھی بتاتی ہیں کہ اس معاہدے کے تحت ایران کو آبنائے ہرمز کو مکمل طور پر دوبارہ کھولنے کی ضمانت دینی ہوگی۔ اس کے بدلے میں امریکہ بتدریج پابندیاں اٹھائے گا، منجمد ایرانی اثاثے جاری کرے گا اور ممکنہ طور پر معاہدے کی مدت ختم ہونے کے بعد ایران کو محدود سطح پر یورینیم افزودگی دوبارہ شروع کرنے کی اجازت دے گا۔ لیکن ایران کے اندر بہت سے لوگوں کے لیے یہ شرائط کسی سمجھوتے سے زیادہ ہتھیار ڈالنے جیسی محسوس ہوتی ہیں۔ ان کا مؤقف سادہ ہے۔ ان کا ماننا ہے کہ امریکہ نے 'آپریشن ایپک فیوری' کو اس لیے روکا کیونکہ وہ فیصلہ کن نتائج حاصل کرنے میں ناکام ہو رہا تھا اور 'آپریشن فریڈم'، جسے امریکہ نے آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے کے لیے شروع کیا تھا، مگر اچانک ختم کر دیا، خلیجی عرب ریاستوں کو اس تنازع میں مزید گہرائی تک کھینچ سکتا تھا۔ اگرچہ ایران نے خطے میں امریکی اڈوں اور توانائی کے بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنایا لیکن ان ممالک میں سے کسی نے بھی باضابطہ طور پر براہ راست جنگ میں حصہ نہیں لیا۔

مزید اہم بات یہ ہے کہ اس دوران ایرانی حکومت نے اپنا وجود قائم رکھا، حالانکہ اس کے کئی رہنما، اعلیٰ فوجی کمانڈر اور سینیئر سکیورٹی شخصیات جنگ کے دوران ماری گئی تھیں۔ ایران کا سیاسی اور فوجی نظام کام کرتا رہا اور ان کی جگہ جلد ہی نئے افراد تعینات کر دیے گئے۔ جنگ سے پہلے کچھ مغربی حکام اور تجزیہ کاروں کا خیال تھا کہ ایک تیز رفتار فوجی مہم، جس کے دوران سینئر ایرانی رہنماؤں اور کمانڈروں مارے جائیں، حکومت مخالف مظاہروں کی ایک نئی لہر کو جنم دے سکتی ہے اور ممکن ہے کہ اس سے نظام کے خاتمے تک کی نوبت آ جائے۔ لیکن ایسا نہیں ہوا۔ جنگ سے پہلے مہینوں میں جن مظاہروں نے ایران کو ہلا کر رکھ دیا تھا، وہ بڑی حد تک سڑکوں سے غائب ہو گئے۔ سکیورٹی فورسز نے کنٹرول سخت کر دیا، گرفتاریاں بڑھ گئیں اور کچھ لوگوں کو سزائے موت بھی دی گئی۔ اسی دوران سرکاری میڈیا بار بار مختلف شہروں میں حکومت کے حق میں ہونے والی ریلیوں کو دکھاتا رہا۔ ایرانی پارلیمنٹ کے سپیکر اور چیف مذاکرات کار محمد باقر قالیباف نے حال ہی میں لکھا: 'ہم بخوبی جانتے ہیں کہ موجودہ صورتحال کا جاری رہنا امریکہ کے لیے ناقابل برداشت ہے، جبکہ ہم نے تو ابھی آغاز بھی نہیں کیا۔' ایران کی قیادت کے لیے محض برقرار رہنا ہی شاید کامیابی شمار ہوتا ہے، خاص طور پر جب تہران خطے میں امریکی اڈوں اور شہری بنیادی ڈھانچے اور اسرائیل میں بھی پہنچنے والے نقصان کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ تہران لڑائی کے ایک اور مزید مرحلے سے بچنے کے لیے بے چین دکھائی نہیں دیتا۔ ایرانی حکام کا ماننا ہے کہ ان کا ملک اپنے مخالفین کے مقابلے میں معاشی دباؤ، فوجی دباؤ اور طویل جنگوں کو برداشت کرنے کی زیادہ صلاحیت رکھتا ہے۔ وہ یہ بھی مانتے ہیں کہ آبنائے ہرمز کی بندش نے یہ ظاہر کر دیا کہ عالمی معیشت پر ایران کا اثر و رسوخ اب بھی کتنا زیادہ ہے۔ یہ آبی راستہ محض توانائی کی گزرگاہ ہی نہیں رہا، بلکہ اس سے کہیں بڑھ کر ثابت ہوا۔ اس میں رکاوٹوں نے جہاز رانی، خوراک کی فراہمی، انشورنس اخراجات اور وسیع عالمی تجارت کو متاثر کیا۔ اب ایران آبنائے ہرمز کے دوبارہ کھلنے کو کسی رعایت کے طور پر نہیں بلکہ ایک مذاکراتی ہتھیار کے طور پر دیکھتا ہے۔ اس کے علاقے پر بھی بڑے اثرات ہو سکتے ہیں۔ ایران اس تنازع سے مضبوط ہو کر ابھر سکتا ہے، خاص طور پر اُن ہمسایہ ممالک کے مقابلے میں جہاں امریکی اڈے قائم ہیں یا جنھوں نے جنگ کے دوران بالواسطہ طور پر امریکی اور اسرائیلی کارروائیوں کی حمایت کی۔ اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں کہ ایران نے اپنی تمام خواہشات پوری کر لیں۔ ملک کو بڑے پیمانے پر نقصان اٹھانا پڑا، اس نے اعلیٰ فوجی شخصیات اور اہم بنیادی ڈھانچے کو کھو دیا اور وہ اب بھی شدید معاشی دباؤ میں ہے جو ممکنہ طور پر دوبارہ احتجاج کو جنم دے سکتا ہے۔ امریکہ اور اسرائیل نے یہ بھی دکھایا کہ وہ جدید ہتھیاروں اور انٹیلی جنس صلاحیتوں کے ساتھ ایران کے اندر گہرائی تک حملہ کر سکتے ہیں۔ لیکن جنگیں ہمیشہ صرف میدانِ جنگ میں ہی طے نہیں ہوتیں۔ یہ تنازع آخرکار خود جنگ کے بجائے اسے ختم کرنے کے لیے ہونے والے مذاکرات کے نتائج کی بنیاد پر جانچا جا سکتا ہے۔ اگر واشنگٹن ایران کو بڑے جوہری سمجھوتوں پر مجبور کر لیتا ہے، تو امریکہ اسے اپنی کامیابی قرار دے گا۔ اگر تہران اپنا علاقائی اثر و رسوخ برقرار رکھتا ہے اور اپنے جوہری پروگرام کو مستقل طور پر روکنے سے بچ جاتا ہے، تو ایران اپنی جیت کا دعویٰ کرے گا۔ فی الحال دونوں فریق اپنے عوام کو یہی بتا رہے ہیں کہ وہ جیت گئے ہیں۔ اصل جواب شاید اسی وقت واضح ہوگا جب مذاکرات ختم ہوں گے، وہ بھی اگر دونوں فریق مذاکرات کی میز پر آئیں اور اختتام تک وہاں قائم رہیں۔

(بی بی سی اردو)

# بھارت کا پہلا مداری ڈیٹا سینٹر سیٹلائٹ خلاء میں مصنوعی ذہانت کی نئی دنیا کی جانب قدم

نئی دہلی۔10 مئی۔ ایم این این۔ بھارت اپنی خلائی اور مصنوعی ذہانت کی صلاحیتوں میں ایک اور اہم سنگ میل عبور کرنے جا رہا ہے۔ ملک کا پہلا مداری ڈیٹا سینٹر سیٹلائٹ، جسے "Pathfinder" نام دیا گیا ہے، 2026 کے آخر تک خلا میں بھیجے جانے کا منصوبہ ہے۔ یہ سیٹلائٹ زمین کے گرد مدار میں رہتے ہوئے ڈیٹا پروسیسنگ اور مصنوعی ذہانت سے متعلق کام انجام دے سکے گا۔ یہ منصوبہ بھارتی خلائی ٹیکنالوجی کمپنی پکسل اور مصنوعی ذہانت کے شعبے کی کمپنی سروم اے آئی کے اشتراک سے تیار کیا جا رہا ہے۔ تقریباً 200 کلوگرام وزنی یہ سیٹلائٹ جدید گرافکس پروسیسنگ یونٹس سے لیس ہوگا، جو زمین پر موجود بڑے ڈیٹا سینٹرز کی طرح پیچیدہ حسابی عمل انجام دے سکیں گے۔ ماہرین کے مطابق مداری ڈیٹا سینٹرز کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ انہیں خلا میں مسلسل شمسی توانائی دستیاب رہتی ہے، جبکہ خلا کا انتہائی سرد ماحول قدرتی طور پر نظام کو ٹھنڈا رکھنے میں مدد دیتا ہے۔ اس سے بجلی اور کولنگ پر آنے والے اخراجات میں نمایاں کمی ممکن ہوسکتی ہے۔ اس سیٹلائٹ میں پکسل کا ہائپر اسپیکٹرل کیمرہ بھی نصب ہوگا، جو زمین کی تصاویر حاصل کرے گا اور انہیں مدار ہی میں مصنوعی ذہانت کی مدد سے تجزیہ کرے گا۔ اس کے نتیجے میں خام ڈیٹا کو زمین پر بھیجنے کی ضرورت کم ہو جائے گی اور فیصلے زیادہ تیزی سے کیے جاسکیں گے، خاص طور پر ماحولیاتی نگرانی، زرعی تجزیے، سرحدی علاقوں اور سمندری نگرانی کے شعبوں میں۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ یہ منصوبہ صرف ایک تکنیکی تجربہ نہیں بلکہ اس بات کا ثبوت ہے کہ بھارت کی نجی خلائی صنعت اب عالمی سطح پر انتہائی جدید تصورات کو عملی شکل دینے کی صلاحیت رکھتی ہے۔

